## الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے انتخابات کے انعقاد کیلئے ملک بھر میں انتظامی افسران کی تقرریوں کا معاملہ

## پاکستان تحریک انصاف نے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے فیصلے کو نہایت تشویشناک، انتخابات کی ساکھ تباہ کرنے اور دھاندلی کے دروازے کھولنے اور بدترین انتخابی انجینیئرنگ کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا

12 دسمبر 2023

- الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے انتخابات کے انعقاد کیلئے انتظامی افسران کی تقرری انتخابات کی شفافیت خاک میں ملانے کی جانب کلیدی قدم ہے۔
- انتخابات کی شفاف کو یقینی بنانے کیلئے جو کم از کم اہتمام الیکشن کمیشن کرسکتا ہے وہ ساکھ اور کردار کے حامل غیر متعصّب اور غیر جانبدارانہ انتخابی عملے / افسران کا تقرر ہے۔
- ملک بھر کی بیوروکریسی خصوصاً پنجاب اور پختونخوا میں غیر قانونی نگران حکومتوں کے اشاروں پر ناچنے والی بیوروکریسی پر کسی طور اعتماد ممکن نہیں۔
- پنجاب اور پختونخواہ کی انتظامی مشینری تحریک انصاف کو ریاستی طاقت سے کچلنے کے ریاستی سلسلے میں مرکزی کردار ادا کررہے ہیں۔
- غیر آئینی و غیر قانونی نگران حکومتوں کی ایما پر ملک میں لاقانونیت کا بازار گرم کرنے، چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کرنے، شہریوں کو بنیادی دستوری حقوق سے محروم کرنے اور جنگل کے قانون کو لاگو کرنے والوں کے ہاتھوں میں انتخاب نہیں دیا جاسکتا۔
- اس سے پہلے پنجاب اور پختونخوا کے انتخابات کے موقع پر بھی تحریک انصاف کی جانب سے نشان زد کئے گئے متنازعہ سرکاری افسران کو کلیدی عہدوں پر بٹھایا گیا۔


Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk

- اب بھی متعصب اور متنازعہ ترین افسران ہی کی بطور انتخابی افسران (آر اوز، ڈی آر اوز وغیرہ) تقرری کی شکایات نہیں بلکہ ناتجربہ کار، غیر متعلق اور غیر مؤثر سرکاری نوکروں کو بھی انتخابات کے انعقاد جیسا حسّاس ترین فرض سونپنے کی اطلاعات ہیں۔
- کمزور اور کمپرومائزڈ الیکشن کمیشن غیر آئینی، غیر قانونی، غیر جمہوری، اور غیر نمائندہ نگران حکومتوں اور ان کے تابع انتظامی افسران پر مؤثر کنٹرول میں بھی مایوس کن حد تک ناکام ہے۔
- صاف شفاف انتخابات کیلیئے انتخابات کے انعقاد کا پورا فریضہ باکردار عدالتی افسران کو سونپنا ہوگا۔
- الیکشن کمیشن انتخابات پر ڈاکہ ڈالنے کے کسی منصوبے کا حصہ نہیں تو انتظامی افسران کی تقرری/تعیناتی کا پورا عمل رول بیک کرے۔
- تحریک انصاف اور قوم براہِ راست یا بلاواسطہ انتخابات پر ڈاکہ ڈالنے کی کوئی کوشش گوارا نہیں کریں گے۔

---ترجمان پاکستان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

Plot # 1-A, Street # 32, Sector G-8/4, Islamabad, Pakistan
Tel: +92 51 2610046, +92 51 26102047, Website: www.insaf.pk